**19.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے عالمی خطۂ جنوب کو بااختیار بنانے کے وسیلے کے طور پر AI کو سبھی کیلئے دستیاب کرائے جانے پر زور دیا ہے۔ وزیراعظم نے عالمی رہنماؤں کی موجودگی میں نئی دِلی میں India AI Impact Summit-2026 کا افتتاح کیا۔

☆ وزیراعظم نے اخلاقی اور سب کی شمولیت والی مصنوعی ذہانت کیلئے M.A.N.A.V نظریے کا اعلان کیا۔ جناب مودی نے کہاکہ AI سے دنیا کو اُسی صورت میں فائدہ ہوسکتا ہے کہ جب اِسے دوسروں کو بھی دستیاب کرایا جائے۔

☆ فرانس کے صدر میخوں نے بھارت کے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کی ستائش کی ہے اور اِسے دنیا میں بے مثال قرار دیاہے۔

☆ بہار کے مونگیر ضلعے میں آخری مسلح ماؤنوازوں کی خودسپردگی کے بعد بہار ریاست کونکسلیوں سے پاک قرار دیاگیا ہے۔

☆ اور مردوں کے ICC کرکٹ ورلڈ کپ میں سُپر 8 مرحلے میں کھیلنے والی ٹیموں کا فیصلہ ہوگیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-AI IMPACT SUMMIT**

وزیراعظم نریندر مودی نے مصنوعی ذہانت کو یہ کہتے ہوئے سبھی کیلئے دستیاب کرانے پر زور دیا ہے کہ اِسے سب کی شمولیت اور بااختیار بنانے، خاص طور پر عالمی خطۂ جنوب کیلئے شمولیت کا ایک وسیلہ بننا چاہئے۔ آج صبح نئی دِلی میں India AI Impcat Summit-2026 کا افتتاح کرتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ دنیا ایک ایسے دور میں داخل ہورہی ہے کہ جہاں انسان اور Intelligent نظام مل کر کام کرتے ہیں اور مل کر اُبھرتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ AI کام کو اور زیادہ

اسمارٹ، زیادہ مؤثر اور زیادہ اثردار بنائے گی۔ وزیراعظم نے عالمی سطح پر سبھی کی بہبود کیلئے مصنوعی ذہانت کے اجتماعی عزم کی ضرورت اُجاگر کی۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت مصنوعی ذہانت میں ایک موقع اور کل کے ایک خاکے کی جھلک دیکھتا ہے۔

**1400 PM Democratisation of AI**

جناب مودی نے کہا کہ بھارت نہ صرف نئی ٹیکنالوجی تیار کرتا ہے، بلکہ وہ اِسے تیزی کے ساتھ اختیار بھی کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہاکہ بھارت دنیا کے سب سے بڑے ٹیکنالوجی **Pool** کا مرکز ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت اور عالمی خطۂ جنوب کیلئے یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ **AI Summit** نئی دِلی میں ہورہا ہے۔ جناب مودی نے مصنوعی ذہانت کیلئے **M.A.N.A.V.** نظریے کا تذکرہ کیا، جس کا مطلب ہے: اخلاقی نظام، جوابدہ حکمرانی، قومی خودمختاری، قابل رسائی اور شمولیت والا درست اور جائز نظام۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ بھارت کا **M.A.N.A.V.** نظریہ **AI** کے سرکردہ رول والی **21**ویں صدی کی دنیا میں بنی نوع انساں کی بہبود کیلئے ایک اہم رابطہ بنے گا۔

**1400 PM ON Manav Vision**

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فرانس کے صدر **Emmanuel** میخوں نے کہا کہ بھارت نے ایسا کچھ بنا دیا ہے،جو دنیا کے کسی دوسرے ملک نے نہیں بنایا۔ اُنہوں نے کہا کہ **140** کروڑ افراد کی ڈیجیٹل شناخت کا ایک ادائیگی نظام، جو، اب ہر مہینے **20** ارب لین دین کو پروسیس کرتا ہے اور ایک ایسا صحت کا بنیادی ڈھانچہ، جس کے ذریعے **50** کروڑ ڈیجیٹل ہیلتھ شناختی کارڈ جاری کئے گئے ہیں۔

**1400 Maron Action Summit**

اِدھر اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل **Antonio Guterres** نے کہا کہ **AI** ہر ایک کے پاس ہونی چاہئے۔ اُنہوں نے کہاکہ **AI** کا مستقبل چند ممالک طے نہیں کرسکتے۔

**1400 Guterres**

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے والے عالمی رہنماؤں کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہاکہ سرکار **AI Stack** کے پانچوں پہلوؤں پر کام کررہی ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار **Compute** کوعوامی بہبود کا وسیلہ مانتی ہے۔

**1400 Aswani Vaishnav**

**AMIT SHAH-ASSAM VISIT**

امور داخلہ اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ کل سے آسام کے دو روزہ دورے پر رہیں گے، جس سے قومی سلامتی، سرحد کے بندوبست اور علاقائی ترقی پر مرکز کی توجہ ظاہر ہوتی ہے۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیر داخلہ

**Barak** وادی کے سِلچر جائیں گے۔ اُن کا بھارت-بنگلہ دیش سرحد کے نزدیک **Katigorah** علاقے میں **Natanpur** گاؤں جانے کا بھی پروگرام ہے۔ اپنے دورے کے دوران جناب شاہ ذاتی طور پر سکیورٹی بندوبست اور غیر قانونی طور پر سرحد پار کرکے آنے والوں اور سرحد کے دونوں طرف جرائم سے نمٹنے کیلئے سرحد پر خار دار تار لگانے کے کام کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیں گے۔

گوہاٹی میں جناب شاہ ہفتے کے روز **Sarusajai** اسٹیڈیم میں **CRPF** کے **87** ویں سالانہ یوم تاسیس کی پریڈ میں شامل ہوں گے۔ اُن کا یہ دورہ سیاسی اہمیت کا بھی حامل ہے، کیونکہ اپریل **2026** میں ریاست میں اسمبلی انتخابات ہونے ہیں۔ امکان ہے کہ وزیر داخلہ ترقیاتی معاملات اور آئندہ انتخابات کیلئے پارٹی کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیلئے ریاست کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ اعلیٰ سطحی میٹنگیں بھی کریں گے۔×

## PM-RAMKRISHNA PARAMAHANSA

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سوامی راما کرشن پرم ہنس کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ سوامی راما کرشن پرم ہنس نے جس انداز سے روحانیت اور **Meditation** کو زندگی بخشنے والی قوتوں کے طور پر قائم کیا، اُس سے ہر دور میں انسانیت کو فائدہ ملتا رہے گا۔×

## VP-SHIVAJI

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج چھترپتی شیواجی مہاراج کو، اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب رادھا کرشنن نے شیواجی مہاراج کو، سوراج کا معمار، دھرم کا محافظ، ایک بے خوف سورما اور عوام پر مرکوز حکمرانی کا ایک چمپئن قرار دیا۔ نائب صدر نے کہا کہ اُن کی زندگی اور نظریات ایک مضبوط خودکفیل اور خوشحال ملک کی تعمیر کیلئے شجاعت، انصاف اور بے لوث قیادت کی خاطر آئندہ نسلوں کو تحریک دیتے رہیں گے۔ سوشل میڈیا کی ایک اور پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ ایک بصیرت افروز رہنما، غیر معمولی منتظم، اہم مفکر اور سوراج کے چمپئن کو ملک سلام کرتا ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ چھترپتی شیواجی مہاراج کی بہادری سبھی شہریوں کو ترغیب دیتی رہے گی اور انصاف اور عزت نفس کا اُن کا جذبہ معاشرے کو مستحکم کرتا رہے گا۔×

## BIHAR-NAXAL FREE

بہار کو نکسل سرگرمیوں سے مبرا قرار دے دیا گیا ہے۔ مونگیر میں آخری مسلح ماؤنواز سریش کوڈا کی خودسپردگی کے بعد ریاست نے یہ اہم سنگ میل حاصل کیا ہے۔ مونگیر رینج کے پولیس کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل راکیش کمار نے کہا کہ **23** اضلاع

میں سے کسی میں بھی اس وقت کوئی مسلح نکسلی گروپ سرگرم نہیں ہے، جو پہلے نکسلزم سے متاثر تھے۔ مونگیر کے ضلع مجسٹریٹ نکھل دھن راج Nippanikar نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی خودسپردگی اور بازآبادکاری کی پالیسی کے تحت سریش کوڑا کو جلد ہی متعلقہ فوائد ملیں گے۔×

**RAMZAN MOON**

رمضان المبارک کا مہینہ آج سے شروع ہوگیا ہے۔ ملک کے کئی حصوں میں کل شام چاند نظر آگیا۔ رمضان کے ماہِ مبارک کا آج پہلا روزہ ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے رمضان المبارک کے مہینے کے شروع ہونے پر عوام کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ یہ بابرکت مہینہ معاشرے میں اتحاد کے جذبے کو مزید فروغ دے گا۔×

**CRICKET-T20 WC**

مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں کولکاتا کے ایڈن گارڈن میں گروپ-سی کے اپنے آخری میچ میں ویسٹ انڈیز نے اٹلی کی جیت کیلئے 166 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے تک اٹلی نے13 اوورس میں 5 وکٹ پر 88 رن بنالئے تھے۔

آج دو اور میچ کھیلے جائیں گے۔ گروپ-بی کے تحت سہ پہر تین بجے کولمبو میں سری لنکا کا مقابلہ زمبابوے سے، جبکہ گروپ-ڈی میں شام 7 بجے چنئی میں افغانستان کا کینیڈا سے ہوگا۔ اس دوران ICC ٹی ٹوینٹی عالمی کے سُپر-8 مرحلے کیلئے 8 ٹیموں نے اپنی جگہ پکی کرلی ہے۔

ان میں گروپ- ایک میں بھارت، جنوبی افریقہ، ویسٹ انڈیز اور زمبابوے شامل ہیں، جبکہ دوسرے گروپ میں انگلینڈ، نیوزی لینڈ، پاکستان اور سری لنکا ہیں۔ ہفتے کے روز یہ آٹھ ٹیمیں سیمی فائنل مقابلوں میں جگہ بنانے کیلئے کھیلیں گی۔ ہر گروپ میں سے سرکردہ دو ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچیں گی۔×

**J&K MANHUNT**

جموں وکشمیر میں، جموں میں نابالغ افراد کے ایک مرکز سے ایک جرائم پیشہ شخص اور دو پاکستانی قیدیوں کے فرار ہونے کے تناظر میں تلاش کی کارروائی تیز کردی گئی ہے اور کم از کم پانچ مشتبہ افراد کو پوچھ تاچھ کیلئے حراست میں لیا گیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ Karajeet سنگھ عرف Gugga اور دو پاکستانی افراد نے پیر کے روز پولیس اہلکاروں پر حملہ کیا تھا اور وہ نابالغ افراد کے مرکز سے فرار ہوگئے تھے۔ اِس واقعے میں دو پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔

البتہ دونوں پاکستانی شہریوں کو ہریانہ میں انبالہ ریلوے اسٹیشن کے نزدیک منگل کو گرفتار کرلیا گیا۔ اُس وقت وہ نیپال جانے کی تیاری کررہے تھے۔ ایسا خیال ہے کہ فرار ہونے کے اِس واقعے کا سرغنہ Karajeet سنگھ ہے اور وہ اب بھی مفرور ہے۔ اُسے پکڑنے کیلئے کارروائی جاری ہے۔خصوصی ٹیمیں مختلف علاقوں میں بھیجی گئی ہیں اور وہ جموں اور اس کے اطراف مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہیں۔ اِس واقعے کے سلسلے میں غفلت برتنے کی پاداش میں ایک اسسٹنٹ سب انسپکٹر سمیت چھ پولیس اہلکاروں کو معطل کردیا گیا ہے۔×

## PAK GAS EXPLOSION

پاکستان کے شہر کراچی میں آج ایک گیس دھماکے کے بعد ایک عمارت کے جزوی طور پر ڈھہ جانے سے 6 افراد کی موت ہوگئی۔ یہ دھماکہ Soldier بازار علاقے میں ایک مکان میں ہوا۔ ایسا شبہ ہے کہ گیس کے رساؤ کی وجہ سے یہ واقعہ پیش آیا۔ اب تک گیارہ افراد کو ملبے سے باہر نکالا گیا ہے اور اُنہیں علاج معالجے کیلئے نزدیک کے اسپتال لے جایا گیا ہے۔ اِس واقعے سے کئی رہائشی علاقوں میں گیس سیفٹی اور خراب بنیادی ڈھانچے کے تعلق سے تشویش پھر سے اُجاگر ہوئی ہے۔ گزشتہ مہینے بھی کراچی کے ایک شاپنگ مال میں زبردست آگ لگنے کے واقعے میں 80 افراد کی موت ہوئی تھی۔×

## IRAN RUSSIA LAUNCH

ایران اور روس نے خلیج عُمان اور شمالی بحرِ ہند میں دوطرفہ بحری مشقیں شروع کردی ہیں۔ اِس سے مغربی ایشیا میں بڑھتے ہوئے جغرافیائی اور سیاسی ٹکراؤ کے تناظر میں دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط ہوتے ہوئے فوجی اشتراک کی عکاسی ہوتی ہے۔ اِن مشقوں کا مقصد مشترکہ کارروائی میں بحری سیکورٹی کو وسعت دینا اور تال میل کو مستحکم بنانا ہے۔ اِس کے علاوہ بحری دہشت گردی اور محفوظ جہاز رانی کو خطرے میں ڈالنے والی سرگرمیوں کے خطرات سے نمٹنا بھی ہے۔

روس کی طرف سے اُس کے بیڑے کے بحری جنگی جہاز اِس میں حصہ لے رہے ہیں۔ ساتھ ہی بحری کمانڈر دہشت گردی مخالف مشقوں جیسی مخصوص کارروائی کیلئے اپنی تیاری کو اُجاگر کررہے ہیں۔یہ بحری مشقیں ایسے وقت ہورہی ہیں کہ جب امریکہ خطے میں لگاتار اپنے فوجی جماؤ میں اضافہ کررہا ہے۔ اِن میں ایران کے ساتھ ایٹمی معاملے پر جاری بات چیت کے تناظر میں جارح گروپوں کی تعیناتی اور ڈپلومیسی ناکام ہونے کی صورت میں ممکنہ حملے کے بارے میں امریکہ کی وارننگ بھی شامل ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆